پیداوار، معیار اور جدت کے 2025 اقدام کے تحت

# چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے کسی معیار کی تصدیق اور توثیق کی تکمیل پر مالی معاونت کا پروگرام

معیار کی تصدیق اور توثیق کروایئے اور صارف کو فائدہ پہنچایئے



حکومت پاکستان

وفاقی وزارت سائنس وٹیکنالوجی

## چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی اداروں کے لیے معیار کی تصدیق اور توثیق کے حصول کیلئے مالی معاونت کا پروگرام

تصدیق اور توثیق کے مراعاتی پروگرام کی اسکیم کے تحت مندرجہ ذیل معیارات کا اطلاق ہوگا۔

| S. No. | Standard / Certification | Incentive Grant (Rs.) |
|---|---|---|
| 1 | ISO 9001 : Quality Management System | 100,000 |
| 2 | ISO 14001 : Environmental Management System | 100,000 |
| 3 | OHSAS / ISO 18001 : Occupational Health & Safety Assessment System | 200,000 |
| 4 | ISO 22000 : Food Safety Management | 200,000 |
| 5 | ISO 50001 : Energy Management System | 200,000 |
| 6 | Good Manufacturing Practices (GMP) | 200,000 |
| 7 | Hazard Analysis and Critical Control Points (HACCP) | 200,000 |
| 8 | Global Gap | 300,000 |
| 9 | IFS – Food Quality & Safety | 200,000 |
| 10 | Social Accountability : SA – 8000) | 400,000 |
| 11 | British Retail Consortium (BRC) | 300,000 |
| 12 | Supplier Ethical Data Exchange (SEDEX) | 300,000 |
| 13 | ISO 13485 : (Medical Devices – QMS) | 400,000 |
| 14 | Business Social Compliance Initiative (BSCI) | 400,000 |
| 15 | Registration, Evaluation, Authorization and Restriction of Chemicals (REACH) | 300,000 |
| 16 | Worldwide Responsible Accredited Production (WRAP) | 300,000 |
| 17 | OEKO-TEX ® Standard 100 | 300,000 |
| 18 | Halal Certification (OIC-SMIIC 1/PS 3733) | 200,000 |
| 19 | CE Marking | 400,000 |
| 20 | Product Certification | 400,000 |
| 21 | Accreditation of testing/calibration & medical laboratories (ISO 17025 & ISO 15189) | 200,000 |
| 22 | Accreditation of Inspection Bodies (ISO 17020) | 200,000 |
| 23 | Accreditation of Halal Certification Bodies (OIC – SMIIC-2/ PS 4992) | 200,000 |
| 24 | Integrated Certifications (as per sectoral demand) | 400,000 |
| 25 | Any other certification system subject to approval of Project Steering Committee. | **Upto 400,000** |

### تصدیق اور توثیق کی مراعاتی گرانٹ کیلئے درخواست دینے کا طریقہ

1. مالی معاونت کے لیے درخواست فارم پراجیکٹ کی ویب سائٹ www.cipmost.gov.pk اور وزارت سائنس وٹیکنالوجی حکومت پاکستان کی ویب سائٹ (www.most.gov.pk) سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور اسے آن لائن ارسال بھی کیا جاسکتا ہے۔ تاہم آن لائن رسال کرنے کے بعد فارم اپنی متعلقہ ایسوسی ایشن سے تصدیق کے بعد بھیجنا لازمی ہے
2. درخواست گزار کمپنی/فرم کو چاہیے کہ وہ درخواست فارم اور دی گئی ہدایات کو بغور اور احتیاط سے پڑھیں۔
3. تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ مکمل کردہ درخواست فارم درج ذیل پتہ پر کوریئر کے ذریعے ارسال کریں۔


پراجیکٹ مینجر

معیار کی تصدیق وتوثیق پر مالی معاونت کا پروگرام (وزارت سائنس وٹیکنالوجی)

1۔ شاہراہ دستور، سیکٹر G 5/2 اسلام آباد

Tel: No.: + 92 - 51 - 9216930 - 31,   Fax No.: + 92 - 51 - 9216932

E-mail: pmcipmost@gmail.com ; dpmcip@gmail.com

پیداوار، معیار اور جدت کے 2025 اقدام کے تحت

# چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے کے لیے کسی معیار کی تصدیق اور توثیق کی تکمیل پر مالی معاونت کا پروگرام

## پس منظر:

پاکستان میں موجود تقریباً 32 لاکھ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (SME`s) موجود ہیں جن میں سے ادویات سازی جیسے بڑے کاروباری اداروں کے برعکس 5 فیصد سے بھی کم اداروں کی کسی معیار کے مطابق تصدیق اور توثیق ہوئی ہے جبکہ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کو مالیاتی اور دیگر وسائل کے حصول میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان کو یہ مسائل وراثت میں ملتے ہیں۔ اس لیے ایک ایسا نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس کے ذریعے یہ ادارے انسانی وسائل کی تربیت و ترقی اور کسی معیار کے مطابق تصدیق اور توثیق کے عمل کے ذریعے سے حکومتی معاونت حاصل کر سکیں۔

نجی شعبے کو ہمیشہ ترقی کا اہم محرک خیال کیا جاتا ہے۔ جدت و اختراع اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے مسابقتی علم پر مبنی معیشت کی ترقی پاکستان ویژن **2025** کے اہم ستونوں میں سے ایک ہے۔ مسابقت سے مراد پیداواری صلاحیت اور موثر اور منافع بخش طریقے سے معیاری مصنوعات اور خدمات کی فراہمی ہے۔ پاکستان **2025** کا قدم قومی مسابقت میں سرمایہ کاری کا تعین کرتا ہے، اور خاص طور پر مہارتوں کے فروغ، جدید ٹیکنالوجیز کے حصول و استعمال اور بین الاقوامی مارکیٹ میں شمولیت پر زور دیتا ہے تاکہ ملک کی معاشی ترقی ہو سکے۔ اس تناظر میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں سے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر بقاء اور ترقی لانا ضروری ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) کی معاونت کے لیے نجی شعبوں کو مراعات دینا وقت کا تقاضا ہے تاکہ وہ ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

اس سلسلے میں منصوبہ بندی کمیشن، حکومت پاکستان نے ایک پراجیکٹ بعنوان ``PQI اقدام۔ 2025 کے تحت (SME`s) کے لیے کسی معیار کی تصدیق اور توثیق پر مالی معاونت کے پروگرام کی منظوری دی ہے جس کی مجموعی لاگت 75 کروڑ روپے ہے اور یہ پراجیکٹ تین سال کی مدت میں مکمل ہوگا۔ مذکورہ پراجیکٹ پر وزارت سائنس و ٹیکنالوجی متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے عمل درآمد کرے گی۔

## پراجیکٹ کے بنیادی مقاصد

- 2000 سے زائد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) سے اپنے کاروبار کے متعلقہ شعبوں میں تصدیق اور توثیق کے عمل کو رواج دینے کے لیے مالی معاونت فراہم کرنا۔
- تصدیق اور توثیق کے مختلف نظام قائم کرنے اور چلانے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) اسٹیک ہولڈر کے لیے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرنا۔
- مصنوعات اور خدمات کی تکنیکی تعمیل کے لیے سہولت فراہم کرنا تاکہ درآمدی ممالک کے تکنیکی قواعد کے اصولوں پر پورا اترا جا سکے۔

## تصدیق اور توثیق کی ضرورت

معیار، ماحول، تحفظ اور معاشرتی جوابدہی کے بین الاقوامی معیارات کی تعمیل عالمی سطح پر تسلیم کیے جانے والے بنیادی عنصر میں سے ایک ہے۔ مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں میں مصنوعات کی مسابقت کے ساتھ ساتھ قیمت اور فراہمی کے عناصر کو بھی اہمیت حاصل ہے۔ منڈی تک کامیاب رسائی اور صارفین کا اطمینان معیار کے حصول کے لیے ایک بنیادی شرط ہوتی ہے۔

عالمی منڈیوں میں اس اعتماد میں اضافہ کرنے اور مسابقت میں آگے بڑھنے کے لیے ضروری ہے کہ قابل اعتماد مصنوعات اور خدمات کے اعتراف کے لیے کسی معیار کی تصدیق اور توثیق کا ایک مضبوط نظام قائم ہو تاکہ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز فوری طور پر معیاری تصدیق اور توثیق کے عمل اور تربیتی پروگرام کے لیے اپنی کوششوں کو تیز کر سکیں۔

## پراجیکٹ کی خصوصیات

1 - یہ اسکیم ملک بھر کے لیے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی (MoST) کے زیر انتظام چلے گی۔

2 - مذکورہ پروگرام / سکیم کے تحت صرف ایک بار درست تصدیق اور توثیق پر مالی معاونت دی جائے گی۔ معاونت صرف ایک سکیم کے لیے درخواست گزار چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) کی پسند کے مطابق فراہم کی جائے گی۔

3 - اس اسکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) کی ایک لاکھ سے چار لاکھ روپے تک مالی معاونت کی جائے گی

4 - متعلقہ معیار کی تصدیق اور توثیق کے حصول کے لیے تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا جائے گا۔

5 - چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) ادارے جو مستقل طور پر رجسٹرڈ ہوں گے، وہ مراعات کی اس اسکیم سے مستفید ہونے کے اہل ہوں گے۔

6 - چھوٹے اور درمیانے درجے کے وہ کاروباری ادارے (SME`s) درخواست دینے کے اہل ہوں گے جو نیچے دی گئی کسی بھی کیٹیگری میں آئیں گے:

a - (SME`s) پالیسی۔ 2007 کے مطابق چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی اور کاروباری ادارے (SME`s) سے مراد ایسا ادارہ ہے جہاں 250 افراد تک کام کرتے ہوں اور انھیں سالانہ ڈھائی کروڑ روپے تک کی ادائیگی ہوتی ہو نیز ان کی سالانہ فروخت پچیس کروڑ روپے تک ہو۔

b - اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے وضاحت کے ساتھ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) کی درجہ بندی کچھ یوں کی ہے کہ ایک ایسا ادارہ جس کے پاس 20 تک افراد کام کریں اور اس کی سالانہ فروخت ساڑھے سات کروڑ روپے تک ہو ایسا ادارہ جس کے پاس 21 سے 250 تک افراد کام کریں (مینوفیکچرنگ اور سروسز سیکٹر) اور 21 سے 50 (ٹریڈنگ SME`s) نیز ان کی سالانہ فروخت ساڑھے سات کروڑ روپے سے چالیس کروڑ روپے تک ہو وہ بھی (SME`s) کے زمرے میں آئے گا۔

7 - اس پروگرام/اسکیم کا اطلاق ان چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SME`s) پر ہوگا جو پراجیکٹ کے دائرہ/شعبہ کے اندر رہتے ہوئے تصدیق اور توثیق کے اسکیم پر کامیابی کے ساتھ عمل کریں گے۔

## (برآمدات کی بُنیاد پر شامل کیے گئے اہدافی شعبہ جات)

### غذائی شعبہ جات

- چاول، گندم، دلیہ، وغیرہ
- مال مویشی، اور دودھ
- خوراک اور حلال خوراک
- آبی نباتات و اشیاء

### غیر غذائی شعبہ جات

- بارچہ بانی، چمڑہ سازی
- بجلی اور بجلی کے آلات
- صحت، خوبصورتی اور میک اپ کا سامان
- قیمتی پتھر، زیورات بنانے کا سامان
- معدنیات اور دھات
- سنگ مرمر اور سنگ خارا
- قالین سازی، دریاں اور شامیانے
- جراحی آلات
- کھلونوں کا سامان
- تیار شدہ کپڑے
- دوا سازی اور کیمیکلز
- مشینی اور خودکار آلات
- اشیائے صرف
- انجینئرنگ اشیاء

### خدمات کے شعبہ جات

- معیار اور تصدیق
- توثیق
- تصدیق و توثیق